# شہادۃ العالمیہ (ایم اے عربی و اسلامیات) کی بنیاد پر HEC سے معادلہ (Equivalence) سرٹیفکیٹ نکلوانے کا مکمل طریقہ کار

## پہلا مرحلہ

1. آپ کے پاس عامہ سے عالمیہ تک تمام اصل دستاویزات (رزلٹ کارڈ اور اسناد) مکمل ہوں۔
2. تمام تعلیمی دستاویزات پر نام، ولدیت اور تاریخ پیدائش وغیرہ شناختی کارڈ کے مطابق ہوں۔
3. اگر کہیں پر کوئی غلطی ہے تو پہلے اسے درست کروالیجئے۔
4. کنزالمدارس بورڈ کا درخواست فارم برائے تصدیق و این او سی مکمل پُر کر کے اپنے متعلقہ ادارہ سے تصدیق کروالیجئے۔

شعبۃ الامتحانات کنزالمدارس بورڈ کا درخواست فارم برائے تصدیق و این او سی حاصل کرنے کیلئے یہاں Verification Form پر کلک کر کے ڈاؤن لوڈ کیجئے۔

5. درخواست برائے معادلہ (Equivalence) دینی اسناد (HEC کا E-02 فارم) مکمل پُر کر کے اپنے متعلقہ ادارہ (جہاں سے آپ نے عالمیہ کا امتحان پاس کیا ہے) سے تصدیق کروالیجئے۔

HEC کا درخواست فارم E-02 اور فیس واؤچر حاصل کرنے کیلئے یہاں E-02.pdf-HEC کلک کر کے ڈاؤن لوڈ کیجئے۔

6. IBCC کا درخواست فارم (E-1 Pak Qualifications) درست کوائف کے ساتھ پُر کیجئے۔

IBCC کا درخواست فارم حاصل کرنے کیلئے یہاں IBCC E-1 Form کلک کر کے ڈاؤن لوڈ کیجئے۔

7. کنزالمدارس بورڈ کی مطلوبہ فیس بینک اکاؤنٹ میں جمع کروائیے۔ (بینک اکاؤنٹ اور فیس کی تفصیل نیچے دی گئی ہے)

## دوسرا مرحلہ

تصدیقات کروانے اور NOC حاصل کرنے کیلئے بذریعہ کوریئر سروس درج ذیل دستاویزات (Documents) کنزالمدارس بورڈ کے ایڈریس پر بھیج دیجئے۔

i. کنزالمدارس بورڈ کا درخواست فارم برائے تصدیق و این او سی اور درخواست برائے معادلہ (Equivalence) دینی اسناد (HEC کا E-02 فارم)
ii. درجہ عامہ تا عالمیہ تمام درجات کے اصل رزلٹ کارڈز، اسناد اور ان کی 2، 2 فوٹو کاپیاں
iii. اپنے شناختی کارڈ کی 2 فوٹو کاپیاں
iv. کنزالمدارس بورڈ کے بینک اکاونٹ میں جمع کروائی گئی فیس کی رسید (Original Slip)

**فیس اور اکاونٹ کی معلومات:**

این او سی: 500 روپے فی رزلٹ کارڈ: 200 روپے — فی سند: 200 روپے — فی فوٹو کاپی: 10 روپے

| کنزالمدارس بورڈ کی فیس جمع کرانے کے لئے بینک اکاونٹ کی تفصیل | |
|---|---|
| Bank (بینک نام) | MCB |
| Branch Name (برانچ نام) | Madina Town Faisalabad |
| Branch Code (برانچ کوڈ) | 451 |
| Account Title (اکاؤنٹ ٹائٹل) | KANZ-UL-MADARIS(DAWAT-E-ISLAMI) |
| Account No. (اکاؤنٹ نمبر) | 0859491901011541 TM:0096 |

## شعبۃ الامتحانات کنزالمدارس بورڈ پاکستان کا پوسٹل ایڈریس

**برائے طلبہ:** شعبۃ الامتحانات کنز المدارس بورڈ ایوب کالونی نمبر 1 گلی نمبر 4 سابقہ انمول ہسپتال جھنگ روڈ فیصل آباد۔

**برائے طالبات:** شعبۃ الامتحانات 5th فلور مکتبۃ المدینہ (دعوت اسلامی) گنج بخش R-6-92 روڈ داتا مارکیٹ لاہور۔

**نوٹ:** جن طلبہ وطالبات نے کسی اور دینی بورڈ کے تحت کچھ درجات کے امتحانات دیئے ہوں تو وہ اپنے ان درجات کے رزلٹ کارڈز واسناد کی تصدیق متعلقہ دینی بورڈ سے کروائیں اور NOC بھی بنوائیں پھر بقیہ درجات جو کنزالمدارس بورڈ سے کیے ہیں ان کی تصدیق کنزالمدارس بورڈ سے کروائیں۔ HEC کا فارم E-02 کنزالمدارس ہی میں بھیجنا ہوگا۔

## IBCC سے تصدیق/Attestation کا طریقہ کار

1. شعبۃ الامتحانات کنزالمدارس بورڈ سے تصدیق کے بعد آپ کے دستاویزات (Documents) آپکو اس طرح واپس ملیں گے کہ عالیہ وعالمیہ کے علاوہ عامہ اور خاصہ کی اسناد، رزلٹ کارڈز اور ان کی مصدقہ فوٹو کاپیز ایک سیل پیک لفافے میں علیحدہ پیک ہوں گے جس پر IBCC لکھا ہوگا جس کو کھولنے کی اجازت نہیں ہے کیونکہ IBCC کے مجوزہ آفیسر نے اس لفافے کو از خود کھولنا ہوتا ہے۔
2. تصدیق کے لیے آن لائن درخواست فارم پُر کیجئے۔

**اہم نوٹ:** تمام آئی بی سی سی (IBCC) دفاتر میں دستاویزات کی تصدیق کے لیے 25 ستمبر 2023 سے آن لائن پورٹل کے ذریعے درخواست جمع کروانا اور اپوائنٹمنٹ لینا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ دستاویزات کی تصدیق صرف آن لائن پورٹل کے ذریعہ طے شدہ تاریخ کے مطابق کی جائے گی۔

موبائل کی بجائے کمپیوٹر یا لیپ ٹاپ کے ذریعے اپلائی کیجئے، موبائل کے ذریعے اپلائی کرتے وقت آپ کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

آن لائن اپلائی کرنے اور اپوائنٹمنٹ بک کرنے کے لیے www.ibcc.edu.pk پر جائیے یا یہاں APPLY ONLINE کلک کیجئے۔

3. نیشنل بینک آف پاکستان میں تجویز کردہ تصدیقی فیس جمع کروائیے۔ جاز کیش / PSID وغیرہ کے ذریعے آن لائن بھی فیس جمع کرواسکتے ہیں۔

شعبۃ الامتحانات کنزالمدارس بورڈ سے تصدیق کے بعد آپ کو جو سیل پیک لفافے ملیں گے وہ لے کر دیئے گئے ملاقات کے وقت پر IBCC آفس تشریف لے جائیے۔

اگر آپ خود تشریف نہیں لے جاسکتے تو یہ تمام چیزیں بذریعہ کوریئر سروس (TCS) IBCC کے ایڈریس پر ارسال کردیجئے۔

**نوٹ: یہ تمام پراسیس مکمل کرنے کے بعد تقریباً ایک ماہ کے اندر IBCC سے تصدیقات ہو جاتی ہیں۔**

## IBCC کے ریجنل آفسز کے ایڈریس (اس ICON پر کلک کرنے سے گوگل لوکیشن اوپن ہو جائے گی)

| Islamabad Head Office | Karachi Regional Office |
|---|---|
| Deputy Director (Attestation & Academics),<br>Inter Boards Coordination Commission,<br>Plot No. 25, Street 38, G10/4,<br>Near Federal Govt. Employees Housing Authority (FGEHA)<br>Islamabad.<br>Phone; (051) 9106631 | Director (Equivalence & Attestation),<br>Inter Boards Coordination Commission,<br>At Sindh Board of Technical Education (SBTE),<br>ST-22, Block 6, Main University Road,<br>Gulshan-e-Iqbal, Near NIPA Chowrangi,<br>Karachi.<br>Phone; (021) 99244121 |
| **Lahore Regional Office** | **Peshawar Regional Office** |
| Deputy Director (Equivalence and Attestation),<br>Inter Boards Coordination Commission,<br>At Queen Plaza<br>Durand Road, Lahore.<br>Phone; (042) 36293013 | Assistant Director (Attestation),<br>Inter Boards Coordination Commission,<br>At Abdara Road Near<br>Shelton House, University Town, Peshawar.<br>Phone; (091) 9216088 |
| **Quetta Regional Office** | **Bahawalpur Regional Office** |
| Director (Equivalence and Attestation),<br>Inter Boards Coordination Commission,<br>Ramzan Plaza Second Floor Patel Near Nagi Children Hospital, Quetta.<br>Phone; (081) 2826716 | Office Incharge (Equivalence and Attestation),<br>Inter Boards Coordination Commission,<br>D-5/5, Aziz Bhatti Road, Model Town-A,<br>Bahawalpur, Punjab.<br>Ph: – 062-9255601 |

# HEC سے تصدیق/Attestation کا طریق کار

IBCC سے تصدیق کے بعد درج ذیل اشیاء پر مشتمل مکمل سیٹ بذریعہ TCS ایچ ای سی (HEC) کے ہیڈ آفس اسلام آباد روانہ کیجئے۔

1. HEC کا پُر شدہ فارم جو کہ متعلقہ ادارہ و کنزالمدارس بورڈ سے تصدیق شدہ ہو
2. درجہ عامہ تا عالمیہ اصل اسناد و رزلٹ کارڈز جو کہ کنزالمدارس بورڈ یا متعلقہ دینی بورڈ سے تصدیق شدہ ہوں
3. درجہ عامہ تا عالمیہ اسناد و رزلٹ کارڈ کی 2،2 فوٹو کاپیاں جو کہ کنزالمدارس بورڈ یا متعلقہ دینی بورڈ اور IBCC سے تصدیق شدہ ہوں۔

یاد رہے! تصدیق شدہ عامہ اور خاصہ کی اسناد کی فرنٹ اور بیک دونوں طرف سے فوٹو کاپی کروا کر تمام دستاویزات (Documents) کے ہمراہ HEC میں بھیجیں کیونکہ IBCC آفس سے عامہ اور خاصہ کی سند کی بیک سائیڈ پر تصدیقی اسٹیکر لگتے ہیں لہذا وہ فوٹو کاپی میں بھی ہونے چاہییں۔

4. HEC کی مقرر کردہ فیس (2000 روپے کی) اور ریجنل چالان سلپ

**نوٹ:** HEC کی فیس ان کے HBL بینک اکاؤنٹ نمبر 17427900133401 میں جمع کروانی ہے فیس واؤچر اسی فائل کے پہلے صفحے پر دیئے گئے لنک کے ذریعے ڈاؤن لوڈ ہو جائے گا۔

HEC کی طرف سے اصل دستاویزات (Original Documents) آپ کو واپس بھیج دیئے جائیں گے اور اس کے بعد HEC کی طرف سے لیٹر جاری کیا جاتا ہے۔

**HEC کے ایڈریس کی حاجت نہیں ہے آپ صرف TCS والوں کو کہیں کہ HEC کے ہیڈ آفس بھیجنے ہیں تو وہ بھیج دیں گے۔**

**HEC کے آفسز کے ایڈریس (ساتھ دیئے گئے Icon پر کلک کرنے سے گوگل لوکیشن اوپن ہوجائے گی)**

| Islamabad Head Office | Karachi Office |
|---|---|
| Head Office, Sector H-9, East Service Road, Islamabad | National Stadium Road, Gulshan Town, Karachi. |
| **Lahore Office** | **Peshawar Office** |
| 55-B Chaudhary Muhammad Yousaf Rd, Block B 2 Gulberg III, Lahore, Punjab | 40/B1 Ring Rd, Phase 5 Hayatabad, Peshawar, KPK |

| Quetta Office |
|---|
| HEC, Regional Centre, House No 61-A Chaman Housing Scheme Airport Road Quetta |

KANZUL MADARIS BOARD

بطور نمونہ (Sample) حل شدہ فارم منسلک کردیئے گئے ہیں

**Please note that challan form can be deposited at any branch of HBL Bank.**

**A&A, Division HEC Copy**

Challan No: ____________
Date: ___________

**Higher Education Commission of Pakistan**
Deeni Asnad Equivalence Challan Form

Habib Bank Ltd Booth at HEC
H-9 SRC Branch Islamabad
PLS Account # 17427900133401

Applicant Particular:

| | |
|---|---|
| CNIC/Passport No (for foreign national only) | |
| Applicant Name | |
| Father's Name | |
| Mobile No. | |

Fee Particulars:

Amount. Rs: 2000/-
Amounts in words: Two Thousand only

______________ __________
Applicant Signature Bank Officer

**Bank Copy**

Challan No: ____________
Date: ___________

**Higher Education Commission of Pakistan**
Deeni Asnad Equivalence Challan Form

Habib Bank Ltd Booth at HEC
H-9 SRC Branch Islamabad
PLS Account # 17427900133401

Applicant Particular:

| | |
|---|---|
| CNIC/Passport No (for foreign national only) | |
| Applicant Name | |
| Father's Name | |
| Mobile No. | |

Fee Particulars:

Amount. Rs: 2000/-
Amounts in words: Two Thousand only

______________ __________
Applicant Signature Bank Officer

**Finance Division, HEC Copy**

Challan No: _____________
Date: _____________

**Higher Education Commission of Pakistan**
Deeni Asnad Equivalence Challan Form

Habib Bank Ltd Booth at HEC
H-9 SRC Branch Islamabad
PLS Account # 17427900133401

Applicant Particular:

| | |
|---|---|
| CNIC/Passport No (for foreign national only) | |
| Applicant Name | |
| Father's Name | |
| Mobile No. | |

Fee Particulars:

Amount. Rs: 2000/-
Amounts in words: Two Thousand only

______________ __________
Applicant Signature Bank Officer

**Applicant Copy**

Challan No: ____________
Date: ____________

**Higher Education Commission of Pakistan**
Deeni Asnad Equivalence Challan Form

Habib Bank Ltd Booth at HEC
H-9 SRC Branch Islamabad
PLS Account # 17427900133401

Applicant Particular:

| | |
|---|---|
| CNIC/Passport No (for foreign national only) | |
| Applicant Name | |
| Father's Name | |
| Mobile No. | |

Fee Particulars:

Amount. Rs: 2000/-
Amounts in words: Two Thousand only

______________ __________
Applicant Signature Bank Officer

E-02

# ہائر ایجوکیشن کمیشن، اسلام آباد

(نظامت توثیقات وتصدیقات)

ہائر ایجوکیشن کمیشن، سیکٹر ایچ نائن، اسلام آباد، پاکستان

## درخواست برائے معادلہ دینی اسناد

| ادا کردہ فیس مبلغ ________ روپے بذریعہ بنک چالان نمبر ________ بتاریخ ________<br><br>ایچ۔ای۔سی آفیسر کے دستخط ________ | درخواست گزار پاسپورٹ سائز تصویر یہاں چسپاں کریں |
|---|---|

(کوئی بھی درخواست براہ راست قبول نہیں کی جائے گی۔ لازم ہے کہ درخواست متعلقہ وفاق/تنظیم/رابطۃ المدارس یا منظور شدہ مدرسے سے منظور کروا کر جمع کروائی جائے)

1۔ درخواست گزار کے کوائف۔

ا۔ درخواست گزار کا نام (اُردو اور انگریزی میں) عبداللہ ABDULLAH

ب۔ درخواست گزار کے والد کا نام (اُردو اور انگریزی میں) غلام مصطفی GHULAM MUSTAFA

ج۔ قومی شناختی کارڈ نمبر یا پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) 41632-0264192-5 د۔ تاریخ پیدائش 26-12-1985

ہ۔ ڈاک کا پتہ (اُردو اور انگریزی میں) HOUSE#92 STREET#41 MOHALLAH NOOR PUR
TEH. JRANWALA DISTT. FAISALABAD

و۔ فون/موبائل نمبر 0312-2641635 ز۔ ای میل (E-mail) xyz987@gmail.com

2۔ دینی سند کے کوائف جس کی معادلت درکار ہے:

ا۔ پاس کردہ سند کا نام الشہادۃ العالمیۃ ب۔ رقم الجلوس (رول نمبر) 122641 ج۔ رقم التسجیل (رجسٹریشن نمبر) 04-0122-04126

د۔ امتحان پاس کرنے کی تاریخ 05-08-2022 ہ۔ حاصل کردہ سند پاس/مکمل کرنے کا کُل دورانیہ 16سال

و۔ وفاق/تنظیم/رابطۃ المدارس یا منظور شدہ مدرسے کا نام اور پتہ کنز المدارس بورڈ پاکستان

ز۔ مذکورہ سند میں داخلہ کے لئے مطلوبہ تعلیم مڈل ح۔ مطلوبہ تعلیم کا دورانیہ 8سال

3۔ معادلت کا مقصد (مزید تعلیم/روزگار یا کوئی اور) مزید تعلیم

4۔ سند (ڈگری) جس کے ساتھ معادلت درکار ہے الشہادۃ العالمیۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ

5۔ حاصل کردہ دینی تعلیم کی تفصیل:

| سند/سرٹیفیکیٹ کا نام | پاس کرنے کا سال | متعلقہ بورڈ/IBCC/وفاق/تنظیم/رابطۃ المدارس یا منظور شدہ مدرسہ/جامعہ (یونیورسٹی) |
|---|---|---|
| ا۔ شہادۃ الثانویہ عامہ | 2016 | کنز المدارس بورڈ پاکستان |
| ب۔ معادلہ IBCC (برائے الثانویہ عامہ) | | |
| ج۔ شہادۃ الثانویہ خاصہ | 2018 | کنز المدارس بورڈ پاکستان |
| د۔ معادلہ IBCC (برائے الثانویہ خاصہ) | | |
| ہ۔ شہادۃ العالیہ | 2020 | کنز المدارس بورڈ پاکستان |
| و۔ بی۔اے پاس کردہ مضامین | | |
| ز۔ شہادۃ العالمیہ | 2022 | کنز المدارس بورڈ پاکستان |



Global Markaz Faizan-e-Madina Near PTCL Exchange University Road Karachi,Pakistan

6۔ حاصل کردہ عصری تعلیم کی تفصیل (اگر کوئی ہو):

| سند/سرٹیفکیٹ کا نام | پاس کرنے کا سال | متعلقہ بورڈ/یونیورسٹی کا نام |
|---|---|---|
| ا۔ میٹرک | 1995 | فیڈرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن اسلام آباد |
| ب۔ انٹرمیڈیٹ | 1997 | فیڈرل بورڈ آف ہائر سیکنڈری ایجوکیشن اسلام آباد |
| ج۔ بی۔اے | | |

7۔ مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھیں۔

ا۔ تمام حاصل کردہ اصل دینی اسناد اور کشف الدرجات متعلقہ وفاق/تنظیم/رابطۃ المدارس یا منظور شدہ مدرسہ سے تصدیق شدہ ہو۔

ب۔ شہادۃ الثانویہ عامہ وخاصہ کی اصل اسناد پُشت سے IBCC سے تصدیق شُدہ ہو۔

ج۔ درخواست ہمراہ تمام اصل اسناد اور نقول بمع شناختی کارڈ (پاکستانیوں کے لیے) جو کہ زائد المیعاد نہ ہو یا پاسپورٹ (غیر ملکیوں کے لیے) جمع شدہ چالان فارم کے ہمراہ TCS کے ذریعے اس پتہ پر ارسال کریں۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر (دینی اسناد) ایکریڈیٹیشن اینڈ اٹیسٹیشن ڈویژن، ہائیر ایجوکیشن کمیشن، سیکٹر H-9، اسلام آباد۔

د۔ **ضروری ہدایات برائے معادلہ سند شہادۃ العالیہ**

i۔ شہادۃ العالیہ کے معادلہ (Equivalence) کے لئے شہادۃ الثانویہ عامہ وخاصہ کی IBCC سے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کی معادلت درکار ہوگی یا میٹرک اور ایف۔اے کی اسناد متعلقہ بورڈ سے جاری شدہ ہوں۔

ii۔ بی۔اے کی سطح کے دو لازمی مضامین انگریزی اور مطالعہ پاکستان علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی یا ہائر ایجوکیشن کمیشن کی منظور شدہ یونیورسٹی سے پاس کرنا لازمی ہے۔

iii۔ تمام دینی اسناد اور کشف الدرجات متعلقہ وفاق/تنظیم/رابطۃ المدارس یا منظور شدہ مدرسہ سے تصدیق شدہ ہونا لازمی ہے۔

8۔ مندرجہ ذیل دستاویزات/کاغذات کی نقول اس فارم کے ساتھ منسلک کریں۔

ا۔ تمام حاصل کردہ دینی اسناد اور کشف الدرجات کی نقول جو کہ متعلقہ وفاق/تنظیم/رابطۃ المدارس یا منظور شدہ مدرسہ سے تصدیق شدہ ہو اور شہادۃ الثانویہ عامہ وخاصہ کی اسناد کی نقول جو کہ پُشت سے IBCC سے تصدیق شُدہ ہو۔

ب۔ شہادۃ العالیہ/شہادۃ العالمیہ کا گزٹ رزلٹ جو کہ متعلقہ وفاق/تنظیم/رابطۃ المدارس یا منظور شدہ مدرسہ سے تصدیق شدہ ہو۔

ج۔ قومی شناختی کارڈ (پاکستانیوں کیلئے) یا پاسپورٹ (غیر ملکیوں کیلئے) کی تصدیق شدہ نقل۔ (جس میں درخواست دہندہ کے کوائف واضح ہوں)

د۔ فیس مبلغ -/2000 روپے **(ناقابل واپسی)** ہائر ایجوکیشن کمیشن پاکستان کے نام HBL اکاؤنٹ نمبر 17427900133401 میں جمع کروائیں۔

9۔ اقرارنامہ/ضمانت

"میں حلفیہ اقرار کرتا/کرتی ہوں کہ یہ درخواست اور اس کے تمام منسلکات مستند ہیں اور ان میں کسی قسم کی تبدیلی یا تخریف نہیں کی گئی۔ اگر جمع کروائے گئے کاغذات میں دی گئی معلومات کسی بھی حوالے سے غلط ثابت ہوئیں تو میں اس کا/کی ذمہ دار ہوں گا/گی اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کو میرے خلاف قانونی کاروائی کا حق ہے۔ میں مطلوبہ منسلکات بمعہ درخواست جمع کروا رہا/رہی ہوں تاکہ میری سند کی معادلت کا سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے"

تاریخ 26-12-2022        دستخط طالبعلم/طالبہ ________

10۔ تصدیق کی جاتی ہے کہ درجہ بالا طالبعلم/طالبہ نے مدرسہ ھذا جو کہ کنز المدارس بورڈ سے منظور شدہ ہے، سے سال 2022 میں رولنمبر 122641 کے تحت درجہ الشہادۃ العالمیۃ کے امتحان میں حصہ لیا اور کامیاب قرار پایا/پائی۔

دستخط ناظم مدرسہ ________

نام ناظم مدرسہ اسحاق

نام مدرسہ جامعۃ المدینہ بوائز رحمت ٹاؤن فیصل آباد

مُہر مدرسہ

11۔ توثیق کی جاتی ہے کہ اس درخواست میں درج تمام معلومات اور اس کے ساتھ منسلک دستاویزات/کاغذات مستند اور مصدقہ ہیں۔

دستخط ناظم اعلیٰ ________

نام ناظم اعلیٰ غلام رسول

وفاق/تنظیم/رابطۃ المدارس یا منظور شدہ مدرسہ کنز المدارس بورڈ

KANZUL MADARIS BOARD
المشرف العام
SECRETARY-GENERAL



Global Markaz Faizan-e-Madina Near PTCL Exchange University Road Karachi,Pakistan